سوال

(33) عمرہ میں طواف وداع واجب ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عمرہ میں طواف وداع واجب ہے؟ اور کیا طواف کے بعد مکہ مکرمہ سے کوئی چیز خریدنی جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عمرہ میں طواف وداع واجب نہیں ہے۔ البتہ افضل ہے۔ اس لیے اگر کوئی شخص بغیر طواف وداع کئے روانہ ہوجاتا ہے تو کوئی حرج نہیں، لیکن حج میں طواف وداع واجب ہے جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک روانہ نہ ہو جب تک کہ خانہ کعبہ کا طواف نہ کر لے۔" اس کے مخاطب حجاج تھے۔

طواف وداع کے بعد کوئی بھی چیز خرید سکتا ہے یہاں تک کہ کوئی تجارتی سامان بھی خرید سکتا ہے شرط یہ ہے کہ مدت لمبی نہ ہو اگر مدت لمبی ہو جائے تو دوبارہ طواف کرنا ہوگا۔ اگر عرف عام میں مدت لمبی نہیں ہوئی ہے تو طواف کا اعادہ نہیں کرے گا۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

حج بیت اللہ اور عمرہ کے متعلق چند اہم فتاوی

صفحہ: 36

محدث فتویٰ